سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ ۱۹۷۴
SINDH ORDINANCE NO.XIV OF 1974
مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴
THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1974
(CONTENTS) فہرست

(Preamble) تمہید

(Sections) دفعات

۱۔مختصر عنوان اور شروعات

Short title and commencement

۲۔ ۱۹٦۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کے چھٹے شیڈول کی ترمیم

Amendment of the Sixth Schedule to West Pakistan Ordinance XIX of 1965

سندھ آرڈیننس نمبر XIV مجریہ ۱۹۷۴

SINDH ORDINANCE NO.XIV OF 1974

مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴

THE WEST PAKISTAN MOTOR VEHICLES (SINDH AMENDMENT) ORDINANCE, 1974

[۴ ستمبر ۱۹۷۴]

تمہید (Preamble)

آرڈیننس جس کے ذریعے سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں مزید ترمیم کی جائے گی۔

جیسا کہ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں مزید ترمیم کرنا مقصود ہے، جو اس طرح ہوگی؛

اور جیسا کہ صوبائی اسیمبلی کا اجلاس جاری نہیں ہے اور سندھ کا گورنر مطمئن ہے کہ موجودہ حالات میں ہنگامی قدم اٹھانا ضروری ہے؛

اب، اس لیئے، اسلامی جمہوریہ پاکستان کے عبوری آئین کے آرٹیکل ۱۲۸ کی شق (۱) کے تحت ملے ہوئے اختیارات کو استعمال میں لاتے ہوئے، سندھ کے گورنر نے مندرجہ ذیل آرڈیننس بنا کر نافذ کرنا فرمایا ہے:

مختصر عنوان اور شروعات
Short title and commencement

۱۔ (۱) اس آرڈیننس کو مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں (سندھ ترمیم) آرڈیننس، ۱۹۷۴ کہا جائے گا۔

(۲)یہ فی الفور نافذ ہوگا۔

۱۹٦۵ کے مغربی پاکستان آرڈیننس XIX کے چھٹے شیڈول کی ترمیم
Amendment of the Sixth Schedule to West Pakistan

۲۔ سندھ صوبہ میں نافذ کرنے کے لیئے مغربی پاکستان موٹر گاڑیاں آرڈیننس، ۱۹۶۵ میں، چھٹے شیڈول کے آخر میں آنے والے نوٹ کو "نوٹ ۱" کے طور پر دوبارہ نمبر دیا جائے گاپھر مندرجہ ذیل طور

Ordinance XIX of 1965	پر نوٹ ۲ کا اضافہ کیا جائے گا: "نوٹ: ۲۔ کراچی ضلعہ کی صورت میں، جب نوٹ ۱ کے تحت "A" سے "Z" تک ساری سیریز ختم کی گئی ہے، حروف کا نیا مجموعہ مندرجہ ذیل ترتیب میں رجسٹریشن مارک کے طور پر استعمال کیا جائے گا: خانگی کاروں کے لیئےKCC جیپ کے لیئے KCJ اسٹیشن ویگنس اور دیگر اسی قسم کی گاڑیوں کے لیئے KCS بسوں کے لیئے KCB ٹرکوں کے لیئے KCT ٹیکسی کے لیئے KCX اسکوٹروں اور موٹر سائیکلوں کے لیئے KCY موٹر سائیکل رکشا کے لیئے KCR مختلف گاڑیوں (ٹریکٹروں/کرینوں) کے لیئے KCM **نوٹ: آرڈیننس کا مذکورہ ترجمہ عام افراد کی واقفیت کے لیئے ہے جو کورٹ میں استعمال نہیں کیا جا سکتا۔**